© rasailojaraid.com



مولانا محمد ابراہیم فانیؔ

# رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم

سرور دنیا و دیں وہ رحمۃ للعالمینؐ
مہ لقا زیبا جبیں وہ رحمۃ للعالمینؐ

ختم جن پر ہو گیا پیغمبروں کا سلسلہ
وہ نبیِ آخریں وہ رحمۃ للعالمینؐ

عاصیوں کے واسطے جو آسرا ہے حشر میں
وہ شفیع المذنبیں وہ رحمۃ للعالمینؐ

کس قدر دیکھو حسیں نسبت احد احمد میں ہے
رب ہے رب العالمیں وہ رحمۃ للعالمینؐ

والضحیٰ ہے روئے انور جس پہ شاہد ہے قرآں
دلربائے نازنیں وہ رحمۃ للعالمینؐ

افضل و ختم الرسل وہ پیشوا وہ رہنما
حاملِ دین مبیں وہ رحمۃ للعالمینؐ

دلنواز و جانفزا فانیؔ وہ فخر المرسلینؐ
مرہم قلب حزیں وہ رحمۃ للعالمینؐ

© rasailojaraid.com

☆ ☆ ☆